نیوز ریلیز

رئیل ٹائم الرٹس (real-time alerts) کے ذریعہ متاثرہ افراد کی حفاظت کو ترجیح دینا

25 مارچ، 2026ء Media inquiries

الیکٹرانک مانیٹرنگ پروگرام بار بار جرم کرنے والے مجرموں کی نگرانی کئے جانے کو مضبوط بنانے اور جب متاثرین کی حفاظت خطرے میں ہو سکتی ہے، انہیں رئیل ٹائم الرٹس فراہم کرنے کیلئے، وسیع کیا جا رہا ہے۔

بجٹ 2026ء نئے وِکٹم نوٹیفیکیشن کی صلاحیتوں کو فعال بنانے اور صوبے بھر میں اس پروگرام کو وسعت دینے کیلئے تین سالوں میں 4.1 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ اگر کوئی مجرم عدالتی حکم کی حدود کی خلاف ورزی کرتا ہے، کسی ممنوعہ جگہ میں داخل ہوتا ہے یا ان کے محل وقوع کے نزدیک آتا ہے، تو حصہ لینے والے متاثرین فوری الرٹس موصول کریں گے۔ یہ توسیع متاثرین کو فوقیت دیتی ہے اور عدالتی حکم کی شرائط کے نفاذ کو مضبوط بناتی ہے۔

یہ پروگرام عدالتی حکم کے تحت مجرموں کی ہفتے کے 7 دن 24 چوبیس گھنٹے نگرانی فراہم کرتا ہے۔ مجرموں کو ایک جی پی ایس ٹریکنگ ڈیوائس پہننے کی ضرورت ہے جسکی نگرانی البرٹا کوریکشنل سروسز (Correctional Services) کرتی ہیں۔ یہ پروگرام عدالتی حکم کے مطابق شمولیت اور اخراج کے زونز کا نفاذ کرتا ہے، جو مجرموں کو متاثرین کے گھروں، کام کی جگہوں اور دیگر محفوظ بنائے گئے مقامات سے دُور رکھنے میں مدد دیتا ہے۔

"متاثرین کو خوف یا حیرت میں رہنے کی ضرورت نہیں پڑنی چاہئے آیا کہ انہیں ضرر پہنچانے والا کہیں قریب موجود ہے۔ رئیل ٹائم الرٹس اور مسلسل نگرانی میں، متاثرین کے پاس وہ معلومات ہوتی ہیں جن کی انہیں اپنی حفاظت کیلئے ضرورت ہوتی ہے۔ مجرموں کو ہر حال میں عدالتی شرائط کے مطابق رکھا جائے گا۔ عوام کا تحفظ سب سے مقدم ہے، اور ہم اس کا نفاذ کرنے کیلئے ہر دستیاب ٹول کا استعمال کر رہے ہیں۔"

ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)

"ایک سابقہ پولیس آفیسر کے طور پر، مَیں نے متاثرہ کی آنکھوں میں اس وقت خوف دیکھا ہے جب انہیں احساس ہوا کہ ان پر حملہ کرنے والا کمیونٹی میں واپس آ گیا ہے۔ ہماری حکومت اس صورتِ حال کو برقرار رکھنے سے انکار کرتی ہے۔ ہم متاثرین کو رئیل ٹائم طاقت اور 24-7 نگرانی فراہم کر کے صورتِ حال کو تبدیل کر رہے ہیں۔ ہم صرف جرم کی نگرانی ہی نہیں کر رہے؛ بلکہ ہم اگلے ممکنہ طور پر متاثر ہونے والے فرد کی حفاظت کر رہے ہیں۔"

Classification: Public

مائیک ایلیس (Mike Ellis)، پبلک سیفٹی اور ایمرجینسی سروسز کے وزیر

الیکٹرانک مانیٹرنگ کو نگرانی کے دوسرے ٹولز کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے، بمع رپورٹنگ کی ضروریات، کمیونٹی کی امداد اور پولیس کے ساتھ تعاون۔ یہ ضمانت یا سزا کی شرائط متعین کرتے وقت عدالتوں کی امداد بھی کرتی ہے۔

"خاندانی تشدّد کے متاثرین اکثر اپنے آپ کو اپنے حملہ آور سے محفوظ رکھنے کی زیادہ تر عملی طور پر ذمہ داری اٹھاتے ہیں اور لگاتار خوف میں رہنے کے جذباتی اور جسمانی نقصان پر قابو پانے کا بندوبست کرتے ہیں۔ خاندانی تشدّد بہت سے البرٹنز پر اثرات مرتب کرتا ہے؛ عوام کی حفاظت کا یہ مسئلہ نہ صرف متاثرین پر اثر انداز ہوتا ہے بلکہ ان کے ارد گرد کے لوگوں پر بھی اثرات ڈالتا ہے۔ ہمارے بہت سے کلائنٹس کیلئے، الیکٹرانک مانیٹرنگ ان کی جسمانی حفاظت کو سہارا دینے اور انہیں ذہنی سکون فراہم کرنے کیلئے ٹولز فراہم کرے گی، جو انہیں صحتیاب ہونے کیلئے اقدامات کرنے اور لگاتار خوف میں رہنے کی وجہ پیدا ہونے والی رکاوٹوں کو عبور کرنے کیلئے بااختیار بنائے گی۔"

کِم رُوز (Kim Ruse)، سی ای او، FearIsNotLove کیلگری

"البرٹا ایسوسی ایشن آف چیفس آف پولیس (اے اے سی پی) بار بار جرم کرنے والے مجرموں کی نگرانی کو مضبوط بنانے اور عوام کی حفاظت کو بڑھانے کیلئے ایک اہم قدم کے طور پر الیکٹرانک نگرانی کی توسیع کی تائید کرتی ہے۔ رئیل ٹائم الرٹس کا اضافہ متاثرین کیلئے حفاظت کی ایک اضافی تہہ فراہم کرتا ہے۔"

چیف ایلن مرفی (Alan Murphy)، صدر، اے اے سی پی

یہ توسیع البرٹا کے زیادہ خطرے اور بار بار جرم کرنے والے مجرموں پر قابو پانے کے طریقہ کار کو مضبوط کرتی ہے جب کہ متاثرین کی حفاظت اور اعتماد کو نظام انصاف کے مرکز کے اندر رکھتی ہے۔

بجٹ 2026ء اس بات پر توجہ دیتا ہے کہ سب سے ضروری کیا ہے، نظم و ضبط والے انتخابات کرتا ہے اور فیصلہ کن کاروائی کرتا ہے۔

فوری حقائق

- البرٹا کی حکومت نے مارچ 2024ء میں *پبلک سیفٹی اینڈ ایمرجینسی سروسز سٹیٹیوٹس ایمینڈمینٹ ایکٹ، 2024ء* کے حصے کے طور پر ایک صوبائی اینکل بریسلیٹ الیکٹرانک مانیٹرنگ پروگرام تشکیل دینے کا اعلان کیا۔
- اگست 2024ء میں، صوبے نے ایس سی آر اے ایم (SCRAM) سسٹمز کے حصول کو ایک کھلی خریداری کے عمل کے ذریعہ اینکل بریسلیٹ الیکٹرانک مانیٹرنگ پروگرام کیلئے بطور ٹیکنالوجی وینڈر منتخب کیا۔

متعلقہ خبریں

- بار بار جرم کرنے والے مجرموں کی الیکٹرانک نگرانی شروع ہوتی ہے (15 جنوری، 2025ء)

- باربار جرم کرنے والے مجرموں کو بند کرنا (13 مارچ، 2024ء)

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

میڈیا انکوائریز

آرتھر گرین (Arthur Green)

587-357-0108
پریس سیکریٹری، پبلک سیفٹی اور ایمرجینسی سروسز